[This question paper contains 2 printed pages.]

Sr. No. of Question Paper : 3014 **F–2** **Your Roll No................**

Unique Paper Code : 2141202

Name of the Course : **B.A. (Hons.) Urdu** (DC–1.4)

Name of the Paper : Study of Modern Ghazal

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 75

Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

-1 ذیل میں سے ایک حصے کی تشریح حوالے کے ساتھ کیجئے۔

(الف)

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں
تہی، زندگی سے نہیں یہ فضائیں یہاں سیکڑوں کارواں اور بھی ہیں
قناعت نہ کر عالم رنگ وبو، پر چمن اور بھی، آشیاں اور بھی ہیں
اگر کھو گیا اِک نشیمن، تو کیا غم؟ مقامات آہ وفغاں اور بھی ہیں
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

(ب)

تم آئے ہو، نہ شب انتظار گزری ہے تلاش میں ہے سحر، بار بار گزری ہے
ہوئی ہے حضرتِ ناصح سے گفتگو، جس شب وہ شب، ضرور، سرِ کوئے یار گزری ہے
وہ بات، سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا وہ بات، اُن کو بہت ناگوار گزری ہے
نہ گل کھلے ہیں، نہ اُن سے ملے، نہ مَے پی ہے عجیب رنگ میں اب کے بہار گزری ہے
چمن میں غارت گل چیں سے جانے کیا گزری؟ قفس میں آج صبا بے قرار گزری ہے

-2 ذیل میں سے ایک حصے کی تشریح مع حوالہ کیجئے۔

(الف)

روشِ حسنِ مُراعات چلی جاتی ہے ہم سے اور اُن سے، وہی بات چلی جاتی ہے
اُس جفا جو سے، بہ ایمائے تمنا اب تک ہوسِ لطف وعنایات چلی جاتی ہے
ہم سے ہر چند وہ ظاہر میں خفا ہیں، لیکن کوششِ پرسشِ حالات چلی جاتی ہے
اُس ستم گر کو ستم گر نہیں کہتے بنتا سعیِ تاویل خیالات چلی جاتی ہے
نگہ یار سے پالیتے ہیں دل کی باتیں شہرت کشف وکرامات چلی جاتی ہے

P.T.O.

(ب)

آج بھی قافلۂ عشق رواں ہے، کہ جو تھا
وہی میل اُور وہی سنگ نشاں ہے، کہ جو تھا

منزلیں گرد کی مانند اُڑی جاتی ہیں
وہی اندازِ جہانِ دگراں ہے، کہ جو تھا

ظلمت ونور میں کچھ بھی نہ محبت کو ملا
آج تک ایک دھندلکے کا سماں ہے، کہ جو تھا

جو بھی کر جور وستم، جو بھی کر احسان وکرم
تجھ پہ اے دوست! وہی وہم وگماں ہے، کہ جو تھا

جان دے بیٹھے تھے اِک بار ہوس والے بھی
پھر وہی مسئلہ سود وزیاں ہے، کہ جو تھا

-3 غزل کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

-4 حسرتؔ کی عشقیہ شاعری پر روشنی ڈالیے۔

-5 اصغرؔ کی شاعری میں تصوف کے رنگ کی نشاندہی کیجیے۔

-6 فانیؔ کی غزل گوئی پر اظہار خیال کیجیے۔

-7 فراقؔ کی شاعری کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

-8 فیضؔ احمد فیض کی غزل کی انفرادیت تحریر کیجیے۔